تو لوگوں پر خواہ مخواہ زندگی کا دائرہ تنگ کر دیا گیا ہے، اور کہیں شریعت کی اصلی حدود توڑ ڈالی گئی ہیں۔

کتاب امثال آصف الحکیم | تالیف مولانا حمید الدین صاحب فراہی رحمۃ اللہ۔ ضخامت ۵۵ صفحات، قیمت ۸ر

ملنے کا پتہ :۔ دائرہ حمیدیہ۔ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر۔ اعظم گڈھ۔

یہ کتاب مولانا نے عربی ادب کے مبتدیوں کیلئے تیار کی تھی۔ چھوٹے چھوٹے دلچسپ اخلاقی قصے ستھری اور سلیس عربی میں ادا کیے گئے ہیں۔ ہمارے خیال میں مبتدیوں کیلئے اس سے اچھی عربی ریڈر اب تک نہیں لکھی گئی۔

سلطان العلوم | مرتبہ مولوی عتیق احمد صاحب صدیقی۔ ضخامت ۴۰ صفحات، شرح چندہ سالانہ ۱۲ر، طلبہ سے عہ۔ ملنے کا پتہ :۔ دفتر سلطان العلوم، دیوبند، سہارنپور۔

دار العلوم دیوبند کا دور صحافت سلطان العلوم کے نام سے از سر نو شروع ہوا ہے۔ یہ ماہانہ رسالہ تقریباً ایک سال سے نکل رہا ہے۔ اسے اکابر علماء دیوبند کا شرف قیادت اور مولانا عثمانی کی سرپرستی حاصل ہے۔ مضامین زیادہ تر مذہبی ہیں اور قریب قریب سب ہی اکابر کے قلم سے نکلے ہوئے۔ اکثر بلند معیار، مفید اور صحیح اسلامی تعلیمات پر مشتمل ہیں، بعض جماعتی احساس کے تحت لکھے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ ادبی اور تاریخی مقالے بھی ہیں۔ آگے چل کر شاید سیاست حاضرہ کو بھی اس کے دامن میں جگہ ملے گی۔ عربی نظم شہید الحریۃ بہت خوب ہے۔ "اختلاف کا مذموم پہلو" کے عنوان سے جو نظم شائع ہوئی ہے اسکی تلخ نوائی حد سے بڑھ گئی ہے جو سلطان العلوم جیسے ذمہ دار اور متین رسالہ کے لیے کچھ زیب نہیں دیتی۔ تعاون علی الاثم سے مسلمان کو بچنا چاہیئے۔